

# 2
# کیا ہے لمبا؟ کیا ہے گول؟



## آس پاس دیکھو

ودیا دیدی نے تمام بچوں سے دائرہ میں بیٹھنے کو کہا۔




not to be republished




بچوں سے کلاس میں اس گیم کو کھیلنے کے لیے کہیں۔ بچوں سے دو ایسی چیزوں کے نام بتانے کے لیے کہیں جو دیکھنے میں گول اور لمبی ہوں۔ ہر مرتبہ نئی چیزوں کا نام لینا ہے، دہرانا نہیں ہے۔ لمبی چیزوں کے لیے بچوں کو ایک سمت پر غور کرنا چاہیے جیسے لمبا، چوڑا وغیرہ۔ مثال کے طور پر گلاس کو کوئی لمبا کہہ سکتا ہے، جب کہ دوسرا اسے گول کہہ سکتا ہے۔ بچوں کو اپنی دلیل سے وضاحت کرنے دیجیے۔



## سوچیے اور کیجیے


A. گول چیزوں کو ◯ میں اور لمبی چیزوں کو ☐ میں بنائیے۔






© NCERT not to be republished


B. ایک جیسی دکھنے والی چیزوں کو ملائیے۔













© NCERT not to be republished


C. گیند جیسی دکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان لگائیے۔









D. ٹوپی جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔



E. گلاس جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔



F. ماچس کی ڈِبّی جیسی دِکھنے والی چیزوں پر صحیح کا نشان ✓ لگائیے۔




© NCERT not to be republished



## آؤ کریں

اپنے آس پاس کی مختلف چیزوں کو استعمال کرتے ہوئے ایک گھر، کھلونا، مینار، بس یا اپنی پسند کی کوئی چیز بنائیے۔ آپ کاپیوں، کتابوں، پنسل باکس، پانی کی بوتل، پرانے بے کار صندوق، جنم دن کی ٹوپی، قیف وغیرہ کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔



بچوں کو چار گروپ میں بانٹیے۔ ہر ایک گروپ کو ایک شکل دیجیے اور بچوں سے کہیے کہ دی ہوئی شکل جیسی دو مختلف استعمال شدہ چیزیں لائیں۔ تمام جمع کی ہوئی چیزوں کو کلاس روم میں دکھائیں اور بچوں کو جمع کی ہوئی چیزوں کے بارے میں بتانے کو کہیں اور بچے یہ بھی بتائیں کہ یہ چیزیں انھوں نے وہ کیوں جمع کیں۔ اس بات پر زور ہونا چاہیے کہ بچے اپنی تنقیدی سوچ کو ایک دوسرے کے ساتھ ساجھا کریں۔

# ذہین نانی



ایک بار ایک میمنا اپنی نانی سے ملنے جا رہا تھا۔

بھیڑیے نے میمنے کو دیکھا اور وہ اس کو پکڑنا چاہتا تھا۔






میمنے نے اپنی نانی کو بھیڑیے کے بارے میں ساری بات بتا دی۔

نانی کو ایک ترکیب سوجھی اور اُس نے میمنے کو ایک ڈھولک میں لٹا کر ڈھولک کو اس کے گھر کی طرف لڑھکا دیا۔






کہانی کو بلند آواز میں پڑھیے اور بچوں سے کہیے کہ اس پر اداکاری کریں۔

© NCERT not to be republished

ڈھولک بہت تیز لڑھکنے لگا اور بھیڑیا اُس کے پیچھے دوڑنے لگا۔



بھیڑیا میمنے کو نہیں پکڑ سکا اور وہ حفاظت سے اپنے گھر پہنچ گیا۔






بچے بتائیں کہ ڈھولک لڑھکتا کیوں ہے؟ اس کی شکل اور جنگل سے بھیڑیے کے گھر تک کی زمین کی ڈھلواں سطح پر بحث کریں۔

© NCERT not to be republished

## آؤ پھسلیں

تصویر میں بچے کیرم کھیل رہے ہیں۔ آپ بھی کھیلیے اور دیکھیے کہ گوٹی سرکتے ہوئے کسی خانے میں کیسے جاتی ہے۔




تصویر میں دیے گئے دائروں میں لڑھکنے والی چیزوں کے لیے 'R' لکھیے اور سرکنے والی چیزوں کے لیے 'S' لکھیے۔




اپنے آس پاس سے الگ الگ چیزوں کو جمع کیجیے اور معلوم کیجیے کہ وہ لڑھکتی ہیں یا سرکتی ہیں۔


کیا آپ نے ایسی چیزیں دیکھی ہیں جو لڑھکتی بھی ہیں اور سرکتی بھی ہیں؟ اگر ہاں، تو کمرۂ جماعت میں اس موضوع پر بحث کیجیے۔

بچوں سے کہیے کہ ان مختلف چیزوں کے بارے میں بتائیں جو انھوں نے اپنے گھر یا اسکول میں دیکھی ہوں اور جو لڑھکتی بھی ہوں اور سرکتی بھی ہوں۔ یہ بھی بحث کریں کہ چیزوں کی کون سی خصوصیت ان کو عام سطح پر لڑھکنے اور سرکنے میں مدد کرتی ہے۔



## سوچیے اور کیجیے

معلوم کیجیے کہ مندرجہ ذیل چیزیں لڑھکتی ہیں یا سرکتی ہیں یا ان میں دونوں خصوصیت ہیں ۔ صحیح ✓ یا غلط X کا نشان لگائیے۔

| تصویر | لڑھکتی ہے | سرکتی ہے | لڑھکتی بھی اور سرکتی بھی ہے |
|---|---|---|---|
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |



## پروجیکٹ

1. گتّے کے ڈبّے جیسے جوتوں کا ڈبّہ، کھانے کی چیزوں کے خالی ڈبّے، پھلوں کے ڈبے وغیرہ۔ ڈبّے کو چاک کر کے اس میں آنکھیں، منھ اور ناک بنائیے۔ اپنے والدین /استاد کی مدد سے ایک کٹھ پتلی بنائیے اور اس کے ساتھ کھیلیے۔ اپنی پسندیدہ کہانیوں کی کٹھ پتلیاں بنائیے اور کلاس روم میں ان کی نمائش کیجیے۔
2. مختلف چیزوں کا استعمال کر کے مینار یں بنائیے۔ معلوم کیجیے کہ چیزوں کی کون سی شکل سے لمبی مینار یں بنتی ہیں۔
3. مختلف چیزوں اور شکلوں کو بنانے کے لیے مٹی کا استعمال کیجیے۔

© NCERT not to be republished